MRD-12th-021222 (A-II)

# اُردو لازمی (سال دوم)

(مکمل کورس)

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ　　　　　　　　　　کل نمبرات: 80

## "حصہ ب"

نمبرات: 50

سوال نمبر 2:- مندرجہ ذیل میں سے کسی دس (۱۰) اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

(۱) اعراب لگائیے: تعلیم　غارت گری　مذہبی　تعلق　مفصل

(۲) معنی لکھیے: شومیِ تقدیر　مکر وریا　چارہ درد　جورِ فلک　ارادت

(۳) جملے بنائیے: آسمان ٹوٹ پڑنا　چراغ سحر ہونا　ہوائی قلعے بنانا　اینٹ سے اینٹ بجانا　تین حرف بھیجنا

(۴) سکینہ بیگم کے بیٹے کو کیا ہو گیا تھا؟

(۵) جہانِ نو کہاں واقع ہے؟

(۶) میدانِ وفا اور عام زندگی میں کونسی چیز مشترک نہیں ہے؟

(۷) عبدالودود قمر کون تھے؟

(۸) مولوی صاحب اور فرحت اللہ بیگ کی ملاقات کب اور کیسے ہوئی؟

(۹) لارڈ ماؤنٹ بیٹن کون تھے؟

(۱۰) شیخ سعدی کیا کہتے ہوئے باہر چلے گئے؟

(۱۱) ملتِ اسلامیہ کے اتحاد کے ضمن میں پاکستان کیا کردار ادا کر سکتا ہے؟

(۱۲) مرید پور میں لیڈر کا استقبال کس طرح ہوا؟

(۱۳) تجنیسِ محرف کسے کہتے ہیں؟ دو مثالیں دیں۔

## "حصہ ج"

نمبرات: 30

سوال نمبر 3:- سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کریں۔ (10)

(الف) کئی بار ایسا ہوا کہ راجہ صاحب شیو بنانے بیٹھے تو بلیڈ ختم پا کر اُٹھے اور کھڑکی میں جا کر پکارے "خواجہ صاحب! ایک بلیڈ عنایت کر دیجیے۔" اور یہ بلیڈ بیگم خواجہ نے راجہ صاحب تک پہنچایا۔ اس طرح کئی بار خواجہ صاحب کی بوٹ پالش یا گرم پانی کی بوتل درکار ہوئی اور انھوں نے راجہ صاحب کو پکارا تو بیگم راجہ نے مطلوبہ چیز خواجہ صاحب کے حوالے کی۔ اس کے باوجود اپنے اپنے گھروں کے اندر شوہروں کی موجودگی میں بھی بیگمات ایسے زناٹے سے جھگڑتیں کہ "بات میں تجھے اپنی ان آنکھوں سے بیوہ ہوتے دیکھوں" تک جا پہنچی۔

(ب) لیکن جب بوچھاڑ بڑھتی ہی گئی۔ تو میں نے اس نامعقول مجمع سے کنارہ کشی ہی مناسب سمجھی۔ اسٹیج سے پھلانگا اور زقند بھر کے دروازے میں سے باہر کا رُخ کیا۔ ہجوم بھی میرے پیچھے لپکا۔ میں نے مڑ کر پیچھے نہ دیکھا بلکہ سیدھا بھاگتا گیا۔ وقتاً فوقتاً بعض نامناسب کلمے میرے کانوں تک پہنچ رہے تھے۔ اُن کو سن کر میں نے اپنی رفتار اور بھی تیز کر دی اور سیدھا اسٹیشن کا رُخ کیا۔ ایک ٹرین پلیٹ فارم پر کھڑی تھی۔ میں بے تحاشا اُس میں گھس گیا۔ ایک لمحے کے بعد وہ ٹرین وہاں سے چل دی۔

سوال نمبر 4:- نظم اور شاعر کا حوالہ دے کر کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ (10)

(الف)
وہ روح میں انوارِ خدا، صبح وہ صادق　　وہ حسن جسے دیکھ کے ہر آنکھ ہو عاشق
وہ سادگی انسان کے فطرت کے مطابق　　زریں وہ اُفق، نور سے لبریز وہ مشرق

(ب)
میدانِ وفا دربار نہیں، یاں نام و نسب کی پوچھ کہاں　　عاشق تو کسی کا نام نہیں، کچھ عشق کسی کی ذات نہیں
گر بازی عشق کی بازی ہے جو چاہوں لگا دو ڈر کیسا　　گر جیت گئے تو کیا کہنا، ہارے بھی تو بازی مات نہیں

سوال نمبر 5:- مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کریں۔ (10)

(۱) آقا (ﷺ) رحمت اللعالمین　(۲) مسئلہ کشمیر کی موجودہ حیثیت　(۳) صبح کی سیر

www.perfect24u.com

Scanned with CamScanner

Protected with free version of Watermarkly. Full version doesn't put this mark.